مسئلہ: محترم جناب مفتی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، ایک شخص نے روزہ رکھا، پھر اچانک کوئی رشتہ دار وفات پا گیا، جو کہ شرعی مسافت پر ہے، جہاں مرحوم کے کفن دفن کے لئے جانا ہے، تو کیا ایسی صورت میں اگر روزے دار اپنا روزہ توڑ دے تو اس کا کیا حکم ہے، برائے مہربانی شریعت کی روشنی میں رہنمائی فرمائی جائے۔

دار الافتاء
الجامعۃ الاشرفیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْجَوَابُ حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا

واضح رہے کہ اگر سفر شرعی ہو (48 میل یا اس سے زیادہ کی مسافت کا ہو) تو اس صورت میں اپنے شہر کی آبادی سے نکلنے کے بعد اگر مشقت کی وجہ سے مسافر نے روزہ توڑ دیا تو اس پر کفارہ لازم نہیں ہو گا، البتہ بعد میں اس روزے کی قضا کرنا لازم ہو گی۔

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (٠٢/٤٣١)
"ولو نوى مسافر الفطر) أو لم ينو (فأقام ونوى الصوم في وقتها) قبل الزوال (صح) مطلقاً، (ويجب عليه) الصوم (لو) كان (في رمضان)؛ لزوال المرخص (كما يجب على مقيم إتمام) صوم (يوم منه) أي رمضان (سافر فيه) أي في ذلك اليوم، (و) لكن (لا كفارة عليه لو أفطر فيهما) للشبهة في أوله وآخره.

(قوله: ويجب عليه الصوم) أي إنشاؤه حيث صح منه بأن كان في وقت النية ولم يوجد ما ينافيه، وإلا وجب عليه الإمساك كحائض طهرت ومجنون أفاق كما مر، (قوله: كما يجب على مقيم إلخ) لما قدمناه أول الفصل أن السفر لا يبيح الفطر، وإنما يبيح عدم الشروع في الصوم، فلو سافر بعد الفجر لا يحل الفطر".

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (٠٢/٤٣١):
"قال في البحر: وكذا لو نوى المسافر الصوم ليلاً وأصبح من غير أن ينقض عزيمته قبل الفجر ثم أصبح صائماً لا يحل فطره في ذلك اليوم، ولو أفطر لا كفارة عليه. اهـ.قلت: وكذا لا كفارة عليه بالأولى لو نوى نهاراً، فقوله: ليلاً غير قيد".

الفتاوى الهندية (٠١/٢٠٦):
" (منها: السفر) الذي يبيح الفطر وهو ليس بعذر في اليوم الذي أنشأ السفر فيه، كذا في الغياثية. فلو سافر نهاراً لا يباح له الفطر في ذلك اليوم، وإن أفطر لا كفارة عليه بخلاف ما لو أفطر ثم سافر، كذا في محيط السرخسي"والله تعالى اعلم بالصواب

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ

رفیق دار الافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

۱۴/رمضان المبارک/۱۴۴۴ھ

05/اپریل/2023ء

الجواب صحیح
محمد افتخار بیگ عفی عنہ
۱۴/۹/۱۴۴۴ھ

الجواب صحیح

الجامعۃ الاشرفیہ
دار الافتاء
فیروزپور روڈ لاہور